پانچ سالہ رسائی کا منصوبہ (2024-2028) – نیو یارک شہر 2023 کا مقامی قانون 12

نیو یارک شہر پبلک اسکولز
.NYC PUBLIC SCHOOLS, SPACE MANAGEMENT | 131 Livingston Street, Rm 209, Brooklyn, NY 11201

فہرستِ مندرجات

عمومی 2

ایجنسی کا مجموعی جائزہ اور مشن 2
ایگزیکٹو خلاصہ 3

ایگزیکٹو خلاصہ 4

1) جسمانی رسائی 4
   I. ذیلی کمیٹی برائے رسائی 6
   II. اسکول تعمیراتی اتھارٹی کے ساتھ شراکت داری 7
   III. محکمہ برائے اسکول سہولیات کے ساتھ شراکت داری 7
   iv. عمارتوں کی رسائی کی خصوصیات کے سروے 8
2) ڈجیٹل رسائی 8
3) ترتیب وار رسائی 9
   I. قابل رسائی داخلہ پالیسی 9
   II. مناسب سہولیات 10
   III. ضلع 75 11
4) موّثر ابلاغ 11
   I. پالیسی اور رہنما اصولوں کی تشکیل 12
   II. تربیت 12
5) ملازمت کی جگہ پر شمولیت 13
طریقہ کار 14
ضمیمہ A 15
چانسلر کا ضابطہ A-830: 15
ضمیمہ B 16
ویب سائٹ رسائی کا بیان 16
ضمیمہ C 17
چانسلر کا ضابطہ A-710: 17
ضمیمہ D 18
چانسلر کا ضابطہ A-101: 18

عمومی

2023 کا مقامی قانون 12 نیو یارک شہر کی ہر ایجنسی کو پابند کرتا ہے کہ وہ مئیر کے دفتر برائے معذوری کے حامل افراد (MOPD) سے مشاورت کے ساتھ ایک پانچ سالہ رسائی منصوبہ تیار کرے اور اس پر عمل درآمد کرے۔ اس منصوبے میں کم از کم درج ذیل نکات شامل ہونا ضروری ہیں:
(1) وہ اقدامات جو ایجنسی اس وقت کر رہی ہے اور آئندہ پانچ سالوں کے دوران کرے گی تاکہ اس کی کام کی جگہ، خدمات، پروگرام، اور سرگرمیاں معذوری کے حامل افراد کے لیے قابلِ رسائی، معاون، اور شمولیتی بن سکیں؛ اور
(2) معذوری کے حامل افراد کے لیے جسمانی، ڈیجیٹل، پروگرام سے متعلق اور مؤثر ابلاغ کی رسائی کو بہتر بنانے کے لیے جاری اور مجوزہ منصوبوں کی تفصیلات، جیسے کہ کسی بھی قسم کی تبدیلی یا ساخت میں اصلاحات، ٹیکنالوجی یا آلات میں بہتری یا سرمایہ کاری، اور وہ تمام اقدامات جو ایجنسی اپنے پروگراموں اور خدمات کو معذوری کے حامل افراد کے لیے مزید قابلِ رسائی اور شمولیتی بنانے کے لیے کر رہی ہے یا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

ایجنسی کا مجموعی جائزہ اور مشن

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ ہر طالب علم ایک مفید طرزِ معاش اور طویل مدتی معاشی تحفظ کی جانب گامزن رہتے ہوئے سند حاصل کرے تاکہ وہ تبدیلی کے لیے ایک مثبت قوت بن سکے۔ طلباء کی تقریباً 900،000 آبادی کے ساتھ، نیو یارک شہر پبلک اسکولز ملک کا سب سے بڑا اسکول نظام ہے۔ طلباء کی کامیابی کو فروغ دینے کے لیے ایجنسی کے اندر مختلف شعبوں اور دفاتر کے درمیان باہمی تعاون ضروری ہے جو 1,800 سے زائد اسکولوں اور پروگراموں کی معاونت کرتے ہیں۔ نیو یارک شہر پبلک اسکولز کے طلباء کی مختلف قومیتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے، تمام طلباء، بشمول معذوری کے حامل طلباء، کی ضروریات کا جائزہ لینے اور ان کی معاونت کے لیے ایک جامع انتظامی ڈھانچے اور نظام کا جال تخلیق کیا گیا ہے۔

NYCPS معذوری کے حامل طلباء کے لیے ان کی رسائی کے مواقع بڑھانے اور ان کی ضروریات و حقوق کے بارے میں آگاہی میں اضافے کے ذریعے مدد کرنے کی بھرپور کوشش کرتا ہے۔ ایجنسی ایسے ماحول کو فروغ دینے کی بھرپور کوشش کرتی ہے جہاں یہ ادراک ہو کہ رسائی صرف قانون سازی کی پابندی یا ضوابط کی تکمیل نہیں بلکہ ایک بنیادی انسانی حق ہے۔ نیو یارک شہر پبلک اسکولز ان سب سے ضرورتمند طلباء کی مدد کے لیے کیے جانے والے کام پر فخر محسوس کرتا ہے اور اپنے مشن کی مسلسل کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

دفتر برائے رسائی منصوبہ بندی

نیو یارک شہر پبلک اسکولز کا دفتر برائے رسائی منصوبہ بندی (OAP) اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ NYCPS کے پروگرام، خدمات، اور سرگرمیاں تمام طلباء، عملے، اسکول کمیونٹی کے ارکان، اور اہل خانہ کے لیے، چاہے ان کو حقیقی معذوری ہو یا معذوری کا شائبہ ہو، قابل رسائی ہوں۔ OAP نیو یارک شہر پبلک اسکولز کے اندر اور باہر مختلف شراکت داروں کے ساتھ اشتراک کرتا ہے تاکہ قلیل مدتی رسائی کی سہولیات اور طویل مدتی تعمیراتی منصوبوں کو آسان بنایا جا سکے، جن کا مقصد NYCPS کی عمارتوں، پروگراموں، خدمات، اور سرگرمیوں کی رسائی کو بہتر بنانا ہے۔ اس کے علاوہ، OAP رسائی سے متعلق رہنما دستاویزات اور تربیتی پروگرام تیار کر کے رسائی کے بارے میں آگاہی بڑھانے کی کوشش کرتا ہے۔ دفتر برائے رسائی منصوبہ بندی (OAP)، نیو یارک شہر کے 2023 کے مقامی قانون نمبر 12 کے تحت، اس پیش رفت رپورٹ کی تیاری اور اس کی تجدید کا ذمہ دار ہے۔

OAP، اسپیس مینجمنٹ (SM) کا حصہ ہے، جو چانسلر کی جانب سے تمام NYCPS اسکولوں اور انتظامی سہولیات کے لیے جگہ کے انتظام کی ذمہ داری کے لیے مقرر کردہ دفتر ہے۔ Space Management (SM) کی قیادت چیف ایگزیکٹو Thomas Taratko کرتے ہیں، جو NYCPS کے لیے معذوری خدمت سہولت کار (Disability Service Facilitator) کے طور پر بھی خدمات انجام دیتے ہیں۔

معذوری خدمت سہولت کار **(Disability Service Facilitator)**
Thomas Taratko
Space Management
209 131 Livingston Street Rm
Brooklyn, NY 11201

فون نمبر: 935-2959 (718)
ای میل: accessibility@schools.nyc.gov

ایگزیکٹو خلاصہ

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے کہ اس کے پروگرام، خدمات، اور سرگرمیاں عملے، طلباء، اسکول کمیونٹی کے ارکان، اور اہلِ خانہ کے لیے قابلِ رسائی ہوں۔ اس کے علاوہ، تمام افراد کو اپنے اسکولوں اور عمارتوں کی رسائی کو سمجھنے اور مناسب سہولیات کی درخواست کرنے کے قابل بنانے کے لیے نیو یارک شہر پبلک اسکولز ایک شفاف طریقہ کار تشکیل دینے کے لیے کوشاں ہے ۔

نقل و حرکت یا دیگر جسمانی معذوریوں کے حامل طلباء کو اپنے وسیع پروگراموں تک بہتر رسائی فراہم کرنے کے لیے، نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) اپنی اسکول کی عمارتوں اور انتظامی سہولیات میں مسلسل بہتری لا رہا ہے۔ عام قابل رسائی اصلاحات میں دیواروں اور دروازوں کو کشادہ کرنا، عوامی اجتماعات کے مقامات کو بہتر بنانا، قابل رسائی باتھ رومز بنانا، اور وہیل چیئر لفٹس، ریمپس، اور خودکار دروازے لگانا شامل ہیں۔ مکمل پیمانے پر اصلاحات میں ناقابلِ رسائی عمارتوں کو مکمل طور پر قابل رسائی بنانا شامل ہے، جس کے لیے قابل رسائی داخلی راستوں، ریمپس، اور عمودی نقل و حمل جیسی سہولیات کا اضافہ کیا جاتا ہے، جن میں لفٹس، اسکیلیٹرز، اور مکینیکل لفٹس شامل ہیں۔

اگلے پانچ سالوں میں، نیو یارک شہر پبلک اسکولز رسائی کی سہولیات کے لیے اپنے غیرمتزلزل عزم کے تحت خاطر خواہ سرمایہ کاری کرتا رہے گا، خاص طور پر اُن اضلاع کو ترجیح دیتے ہوئے جو تاریخی طور پر کم وسائل یافتہ رہے ہیں۔ NYCPS کی اگلے پانچ سالوں کی ترجیحات میں مندرجہ ذیل شامل ہوں گی:

- موجودہ عمارتوں میں تمام طلباء کے لیے تمام خصوصی تدریسی پروگراموں (جن میں ضلع 75 اور طرزِ معاش اور تکنیکی (CTE) شامل ہیں) تک رسائی بڑھانا، اور جب ممکن ہو الیویٹر، رسائی ریمپس، باتھ رومز، اور دروازوں کے ہارڈویئر کے ڈھانچوں میں جدید تبدیلیاں کر کے بہتری لانا شامل ہے۔
- طلباء اور عملے کے لیے مزید انتخاب کے مواقع فراہم کرنے کے لیے نئی مکمل طور پر قابل رسائی عمارتیں تعمیر کرنا۔
- تمام ضمنی عمارتوں (جیسے اینیکسیز یا عارضی کلاس روم عمارتیں) کے سروے کر کے ان کے حالت کا جائزہ لینا اور رسائی میں اضافہ کرنے کی حکمت عملی وضع کرنا۔
- تمام اسکول عمارتوں میں قابل رسائی داخلی راستوں پر کیمرے اور ریموٹ سے دروازے کھولنے کا نظام نصب کرنا۔
- معذوری اور رسائی کے بارے میں آگاہی بڑھانے اور شمولیت کو فروغ دینے کے لیے تمام متعلقہ افراد کے لیے شہر بھر میں تربیتی پروگراموں کا دائرہ وسیع کرنا۔
- معقول سہولت کی درخواستوں کے جواب دینے کے طریقہ کار کو بہتر بنانا اور ان کی پیش رفت کا جائزہ لینا۔

غیر امتیازی سلوک کی پالیسی اور امتیازی سلوک سے متعلق داخلی شکایات دائر کرنے کے طریقے

یہ NYCPS کی پالیسی ہے کہ وہ متعلقہ قوانین اور ضوابط کے مطابق تمام افراد کو بلاامتیاز مساوی روزگار کے مواقع فراہم کرے، اور کسی کی حقیقی یا تصور کی گئی نسل، رنگ، مذہب، عقیدہ، قومیت، قومی نژاد، امیگریشن کی حیثیت، شہریت کی حیثیت، عمر، ازدواجی حیثیت، شراکت داری کی حیثیت، معذوری، جنسی رجحان، صنف، قد، وزن، فوجی حیثیت، بے روزگاری کی حیثیت، گرفتاری یا سزا کا سابقہ ریکارڈ، نگہداشت کنندہ کی حیثیت، صارف کے کریڈٹ کی تاریخ، جینیاتی رجحانات، تنخواہ کی تاریخ، جنسی اور تولیدی صحت سے متعلق فیصلے، یا گھریلو تشدد، جنسی جرائم یا تعاقب کا شکار ہونے کی حیثیت کی بنا پر امتیاز نہ برتا جائے۔ نیز ان تمام زمروں، جنہیں قانونی تحفظ حاصل ہے، کی بنیاد پر ہراسانی بشمول جنسی ہراسانی اور انتقامی کارروائی سے پاک ماحول برقرار رکھنا بھی اس پالیسی کا حصہ ہے۔

یہ نیو یارک شہر پبلک اسکولز کی پالیسی ہے کہ وہ متعلقہ قوانین اور ضوابط کے مطابق تمام افراد کو بلاامتیاز مساوی تعلیمی مواقع فراہم کرے، خواہ کسی کی حقیقی یا تصور کی گئی نسل، رنگ، مذہب، عمر، عقیدہ، نسلی شناخت، قومیت، غیر ملکی حیثیت، شہریت کی حیثیت، معذوری، جنسی رجحان، صنف (بشمول حقیقی یا تصور کی گئی صنفی شناخت، صنفی اظہار، حمل یا حمل اور زچگی سے متعلق حالات)، وزن، یا کسی اور درج بالا

خصوصیت کو مدنظر رکھے بغیر۔ نیز، ان تمام زمروں، جنہیں قانونی تحفظ حاصل ہے، کی بنیاد پر ہراسانی، بشمول جنسی ہراسانی اور انتقامی کارروائی، سے پاک ماحول قائم رکھنا بھی اس پالیسی کا حصہ ہے۔

چانسلر کا ضابطہ A-830 ملازمین، طلباء، طلباء کے والدین، اور NYCPS کے ساتھ کاروبار کرنے والے دیگر افراد، NYCPS کی سہولیات استعمال کرنے والے یا NYCPS کے ساتھ کسی بھی طرح تعامل رکھنے والے افراد کے لیے ایسے طریقہ کار کا تعین کرتا ہے جس کے ذریعے وہ NYCPS ملازمین یا ایسے افراد کے خلاف جو NYCPS میں ملازم نہیں لیکن NYCPS کے ملازمین یا طلباء کے ساتھ کام کرتے ہیں، غیر قانونی امتیاز، ہراسانی یا ایسی شکایات کی بنیاد پر انتقامی کارروائی کی شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ (دستاویز A، چانسلر کا ضابطہ A-830 ملاحظہ فرمائیں)

ایجنسی منصوبہ

1) جسمانی رسائی

نیو یارک شہر پبلک اسکولز 32 تعلیمی اضلاع میں 1225 سے زائد بنیادی عمارتوں (ثانوی مقامات کو شامل کیے بغیر) کی نگرانی کرتا ہے۔ اپنی سب سے قدیم عمارت سمیت جو 1850 میں تعمیر ہوئی تھی، نیو یارک شہر پبلک اسکولز کے پاس مختلف عمارتیں ہیں جن کی تعمیر مختلف ادوار میں ہوئی اور جن میں رسائی کی سہولیات مختلف درجے کی ہیں۔ کچھ اسکولوں کی عمارتوں میں معذوری کے حامل افراد کے چلنے پھرنے میں کوئی رکاوٹ موجود نہیں ہوتی، جبکہ چند اسکولوں کی عمارتوں میں رکاوٹیں ہو سکتی ہیں، لیکن وہ معذوری کے حامل افراد کو عمارت میں داخل ہونے، باہر نکلنے، متعلقہ پروگراموں تک رسائی اور کم از کم ایک باتھ روم تک پہنچنے کی سہولت فراہم کرتی ہیں۔ دیگر اسکولوں کی عمارتوں میں معذوری کے حامل افراد کے لیے قابل رسائی سہولیات کا فقدان ہے۔

اپنی اسکولوں کی عمارتوں کی رسائی کو بہتر بنانے کی جاری کوششوں کی حمایت کے لیے، NYCPS بڑی حد تک ترقیاتی منصوبوں پر انحصار کرتا ہے، جو شہر اور ریاستی حکام کی جانب سے پانچ سالہ مرحلہ وار بنیاد پر مختص کیے جانے والی رقم پر مشتمل ہوتے ہیں۔

مالی سال 2015 تا 2019 کے ترقیاتی منصوبے کے دوران، نیو یارک شہر پبلک اسکولز کو اسکولوں کی رسائی کو بہتر بنانے کے لیے مختص کیے گئے 150 ملین ڈالر موصول ہوئے۔ یہ رقم موجودہ عمارتوں میں رسائی کے لیے بنیادی ڈھانچے میں بہتری لانے کے مقصد سے استعمال کی گئی، جس میں اُن اضلاع کو ترجیح دی گئی جن کی ضروریات سب سے زیادہ تھیں۔ اس رقم کے تحت، نیو یارک شہر پبلک اسکولز نے درج ذیل 27 ترقیاتی منصوبے شروع کیے:

- 9 منصوبے اُن عمارتوں کو مکمل طور پر قابلِ رسائی بنانے کے لیے منتخب کیے گئے جو بالکل بھی قابلِ رسائی نہیں تھیں۔
- 3 منصوبے ناقابلِ رسائی عمارتوں کو جزوی طور پر قابلِ رسائی بنانے کے لیے منتخب کیے گئے۔
- 5 منصوبے جزوی طور پر قابلِ رسائی عمارتوں کو مکمل طور پر قابلِ رسائی بنانے کے لیے منتخب کیے گئے۔
- 10 منصوبے جزوی طور پر قابلِ رسائی عمارتوں میں رسائی کو بہتر بنانے کے لیے منتخب کیے گئے۔

مالی سال 2020 تا 2024 کے ترقیاتی منصوبے کے دوران، نیو یارک شہر پبلک اسکولز کو اسکولوں کی رسائی بہتر بنانے کے لیے 750 ملین ڈالر موصول ہوئے۔ اس رقم کے تحت 54 منصوبے منتخب کیے گئے، جو اس وقت تعمیر کے مختلف مراحل میں ہیں۔ ان 54 ترقیاتی منصوبوں میں سے:

- 44 منصوبے ناقابلِ رسائی عمارتوں کو مکمل طور پر قابلِ رسائی بنانے کے لیے منتخب کیے گئے۔
- 10 منصوبے جزوی طور پر قابلِ رسائی عمارتوں کو مکمل طور پر قابلِ رسائی بنانے کے لیے منتخب کیے گئے۔

2020-2024 کے ترقیاتی منصوبے کی مالی امداد کے ساتھ، نیو یارک شہر پبلک اسکولز نے درج ذیل اہداف کامیابی سے حاصل کیے ہیں:

- ترقیاتی منصوبے کے پراجیکٹس کا انتخاب اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کیا جاتا ہے کہ ہر اسکول ضلع میں ایلیمنٹری گریڈز کے لیے مختص تمام بنیادی عمارتوں کا 50٪ حصہ منصوبے کی تکمیل تک مکمل یا جزوی طور پر قابلِ رسائی ہو جائے۔
- ترقیاتی منصوبے کے پراجیکٹس کا انتخاب اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کیا جاتا ہے کہ ہر اسکول ضلع میں تمام بنیادی عمارتوں کا 33٪ حصہ منصوبے کی تکمیل پر مکمل طور پر قابلِ رسائی ہو جائے۔

ترقیاتی منصوبے کی مالی اعانت اور دیگر وسائل کے استعمال سے OAP کی جانب سے کی گئی کوششوں کے نتیجے میں نیو یارک شہر پبلک اسکولز میں مکمل طور پر قابلِ رسائی عمارتوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ تعلیمی سال 2017-2016 سے 2024-2023 کے دوران:

- تمام اسکول اضلاع میں مکمل طور پر قابلِ رسائی عمارتوں کا تناسب 13٪ سے بڑھ کر 33٪ ہو گیا ہے۔
- تمام اسکول اضلاع میں جزوی طور پر قابلِ رسائی عمارتوں کا تناسب 35٪ سے کم ہو کر 30٪ رہ گیا ہے۔
- تمام اسکول اضلاع میں ناقابلِ رسائی عمارتوں کا تناسب 52٪ سے کم ہو کر 38٪ رہ گیا ہے۔

نیچے دیے گئے گراف میں نیو یارک شہر پبلک اسکولز کی بنیادی عمارتوں کی رسائی کی سطح میں کی گئی نمایاں بہتری کو واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔



توقع کی جا رہی ہے کہ مالی سال 2025-2029 کے لیے اگلا ترقیاتی منصوبہ رسائی کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے 800 ملین ڈالر کی مالی معاونت فراہم کرے گا۔ یہ رقم موجودہ 2020-2024 کے ترقیاتی منصوبے کی فراہم کردہ 750 ملین ڈالر کی مالی معاونت سے 50 ملین ڈالر زیادہ ہے۔ اس اضافی مالی معاونت کی بنیاد پر، OAP آئندہ پانچ سالوں میں تقریباً 50 سے 75 اضافی ترقیاتی منصوبے شروع کرنے کی توقع رکھتا ہے۔

ا. ذیلی کمیٹی برائے رسائی

ترقیاتی منصوبوں کی مالی معاونت سے چلنے والے رسائی میں بہتری کے منصوبوں کے لیے منظور شدہ عمارتوں کے انتخاب کے لیے، متعدد شعبوں پر مشتمل کمیٹی، جسے ذیلی کمیٹی برائے رسائی (Accessibility Sub-Committee - ASC) کہا جاتا ہے، وقتاً فوقتاً ممکنہ مقامات کا تجزیہ کرنے کے لیے اجلاس منعقد کرتی ہے۔ ذیلی کمیٹی برائے رسائی (ASC) کو 2015 میں رسائی سے متعلق منصوبوں کے مؤثر، منصفانہ اور شفاف انتخاب کو یقینی بنانے کے لیے قائم کیا گیا تھا۔ نیو یارک شہر پبلک اسکولز کے کئی دفاتر ASC کے اجلاسوں میں حصہ لیتے ہیں، جن میں SM، محکمہ برائے اسکول سہولیات (DSF)، دفتر برائے خصوصی تعلیم (SEO)، اور دفتر برائے طالب علم اندراج (OSE) شامل ہیں، نیز وہ شراکتی ادارہ جو NYCPS اسکولوں کی تعمیر اور جدید بہتری کے لیے وقف ہے، نیو یارک شہر اسکول تعمیراتی اتھارٹی (SCA) بھی شامل ہے۔ ASC نیو یارک شہر پبلک اسکولز کی اسکول کی عمارتوں میں رسائی سے متعلق تمام امور پر حکمت عملی کی منصوبہ بندی کے لیے ایک جامع ماحول فراہم کرتی ہے اور ترقیاتی منصوبے کی مالی معاونت سے چلنے والے رسائی کے مجوزہ منصوبوں کی منظوری کے لیے ووٹ دیتی ہے۔

اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ آیا کوئی رسائی کا منصوبہ ترقیاتی منصوبے میں شامل کیا جا سکتا ہے، مختلف شرائط کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ ایسی شرائط میں شامل ہیں لیکن انہی تک محدود نہیں:

- جغرافیائی اضلاع جن میں قابلِ رسائی اسکول عمارتوں کی شرح سب سے کم ہو، اور ان اضلاع کے اندر مخصوص ضروریات کے حامل علاقوں کو ترجیح دی جاتی ہے؛
- طلباء کی آبادی (سائز اور گریڈ کی سطح)؛
- قابلِ رسائی اسکولوں کی مجموعی تقسیم، جس میں طلباء کے سفر کے وقت کو کم کرنے پر خاص توجہ دی جاتی ہے؛
- ضلع 75 کے اسکولوں کی موجودگی؛
- خصوصی پروگراموں (جیسے CTE) کی دستیابی؛ اور
- خصوصی مقامات کا استعمال (جیسے عارضی رہائش گاہیں، پولنگ اسٹیشنز، اور عوامی تقریبات)۔

ترقیاتی منصوبے کی منصوبہ بندی کے مراحل کے دوران، OAP اوپر بیان کردہ شرائط کو مدِ نظر رکھتے ہوئے پیش گوئی کے طریقے استعمال کرتا ہے تاکہ ان عمارتوں کی فہرست تیار کی جا سکے جو رسائی کی بہتری کے منصوبوں کے لیے ممکنہ امیدوار ہو سکتی ہیں۔ ان منصوبوں کا جائزہ تعمیراتی شراکت داروں کے ذریعے لیا جاتا ہے تاکہ لاگت کا تخمینہ اور مجموعی طور پر قابلِ عمل ہونے کا تعین کیا جا سکے۔ ابتدائی جانچ کے مرحلے سے گزرنے والے ممکنہ منصوبے حتمی منظوری کے لیے ASC کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں۔ منظور شدہ منصوبوں کے لیے لاگت کے تخمینے فوری طور پر موجودہ ترقیاتی منصوبے میں وقف کر دیے جاتے ہیں اور یہ منصوبے تعمیراتی عمل میں شامل ہو جاتے ہیں۔

II. اسکول تعمیراتی اتھارٹی کے ساتھ شراکت داری

SCA ایک ریاستی ادارہ ہے جو نیو یارک شہر کے تمام پبلک اسکولوں کی تعمیر اور تجدید کا ذمہ دار ہے۔

نئی تعمیر یا تجدید کے منصوبے کی منظوری کے بعد، SCA ان منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنانے والی ذمہ دار تنظیم بن جاتی ہے۔ SCA معیاری تعمیراتی عمل کی پیروی کرتی ہے، جس میں منصوبے کا دائرہ کار، ڈیزائن، بولی، اور تعمیراتی مراحل شامل ہیں۔ ان منصوبوں کے لیے، دائرہ کار کے تعین سے لے کر تعمیر کی تکمیل تک کے وقت کا تخمینہ عموماً تین سے پانچ سال ہوتا ہے۔

OAP کو ہر چھ ماہ بعد SCA کی جانب سے عمارت کی تکمیل کی رپورٹس موصول ہوتی ہیں، جو نئے تعمیراتی منصوبوں کی صورتحال کی نگرانی کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ تکمیل کے بعد، OAP تمام نئے تعمیراتی منصوبوں کا جائزہ لیتا ہے اور عمارت کی رسائی کے پروفائل تیار کرتا ہے، جس پر ذیل میں مزید تفصیل سے بات کی گئی ہے۔

III. محکمہ برائے اسکول سہولیات کے ساتھ شراکت داری

DSF نیو یارک شہر پبلک اسکولز کی زیرِ انتظام عمارتوں کی دیکھ بھال اور مرمت کا ذمہ دار ہے۔ DSF پانچ بروز میں 1,300 سے زائد مقامات کی نگرانی کرتا ہے۔ DSF کے عملے کے فرائض میں صفائی، کوڑا کرکٹ نکالنا، ہیٹنگ، ایئر کنڈیشننگ، پلمبنگ، بڑھئی کا کام، رنگ روغن، معمولی مرمت، باتھ روم میں جدید بہتری اور ماحولیاتی تحفظ شامل ہیں۔

مسلسل دیکھ بھال اور جدید بہتری کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے، DSF محدود دائرہ کار کے رسائی منصوبوں پر عمل کر کے رسائی کے اہداف کی حمایت کرتا ہے، جن میں باتھ روم میں بہتری جیسے کہ سہارے کے لیے عمودی بارز اور دیوار پر نصب کپڑے تبدیل کرنے والی میزوں کی تنصیب شامل ہے۔ DSF اُن رسائی منصوبوں کی بھی معاونت کرتا ہے جو اسکولوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے ہوتے ہیں، جس میں قابلِ رسائی پانی کے فاؤنٹینز سے بوتل بھرنے والے آلات کی تنصیب، بریل (braille) میں کلاس رومز کے نام اور نمبروں کی بہتری، قابلِ رسائی داخلی دروازوں پر کیمروں اور ریموٹ سے دروازہ کھولنے کے نظام کی تنصیب، نیز ریمپ اور لفٹ نصب کرنا شامل ہے۔

توقع کی جاتی ہے کہ DSF آئندہ پانچ سالوں میں ان محدود دائرہ کار اور بہتری کے منصوبوں کے ذریعے اسکولوں میں رسائی کو بہتر بنانے کا عمل جاری رکھے گا۔

IV. عمارتوں کی رسائی کی خصوصیات کے سروے

2016 سے اب تک، OAP تمام 32 اضلاع میں 900 سے زائد سروے کر کے اسکولوں کی عمارتوں کی حالت کا جائزہ لیتا رہا ہے تاکہ عمارتوں تک رسائی پروفائلز (BAPs) تیار کیے جا سکیں۔ BAP سروے کے عمل کے ایک حصے کے طور پر، OAP کے رسائی رابطہ کار اسکول کی عمارتوں کا دورہ کر کے ڈیٹا جمع کرتے ہیں اور ہر عمارت کو 1 سے 10 کے درمیان رسائی درجہ (BAP ریٹنگ) تفویض کرتے ہیں (10 سب سے زیادہ رسائی کی سطح کی نمائندگی کرتا ہے)۔ خاندانوں کو اسکول میں اندراج کے درست فیصلے کرنے میں معاونت فراہم کرنے کے لیے، BAPs عوامی طور پر جاری کیے جاتے ہیں تاکہ ہر عمارت کی رسائی سے متعلق تفصیلی معلومات دستیاب ہوں، اور اس ریٹنگ میں حالیہ اصلاحات اور نئی تعمیرات کی عکاسی کے لیے وقتاً فوقتاً تجدید کی جاتی ہے۔ OAP رسائی سے متعلق منصوبوں کے ذریعے وسائل کی تقسیم کی حکمتِ عملی تیار کرنے کے لیے بھی BAPs پر انحصار کرتا ہے۔

OAP اپنی BAP ڈیٹابیس کو وسعت دینا جاری رکھے گا، جس کے تحت نئی تعمیر شدہ عمارتوں کا سروے اُن کے NYCPS کی تعمیراتی فہرست میں شامل ہونے پر کیا جائے گا، جبکہ موجودہ عمارتوں میں مکمل کی گئی رسائی سے متعلق اصلاحات کو بھی درج کیا جائے گا۔ یہ موجودہ ڈیٹا کی تصدیق کے لیے سروے کرنے کے عمل کو بھی جاری رکھے گا، جس میں ثانوی عمارتوں کا جائزہ شامل ہوگا۔ توقع کی جاتی ہے کہ اگلے پانچ سال کے دوران، OAP سالانہ کم از کم 200 مزید عمارتوں کے سروے کرے گا۔

2) ڈیجیٹل رسائی

ڈیجیٹل رسائی NYCPS کے پروگراموں اور خدمات میں معذوری کے حامل افراد کی مکمل شرکت کے لیے انتہائی اہم ہے، جس میں وہ خدمات بھی شامل ہیں جو NYCPS کی ویب سائٹس پر الیکٹرانک اور معلوماتی ٹیکنالوجی کے ذریعے فراہم کی جاتی ہیں۔ NYCPS اپنی مصنوعات، معلومات اور وسائل کی ڈیجیٹل فارمیٹس میں رسائی کو مسلسل بہتر بنانے کے لیے کوشاں ہے۔

NYCPS معذوری کے حامل افراد کی رسائی اپنے ڈیجیٹل مواد تک یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے اور متعلقہ رسائی معیار کو اپناتے ہوئے ہر صارف کے لیے استعمال کے تجربے کو مسلسل بہتر بنا رہا ہے۔ نیو یارک شہر پبلک اسکولز کی ویب سائٹ پر ، NYCPS کی ویب سائٹ کی رسائی سے متعلق بیان کی نقل موجود ہے۔ (ضمیمہ B دیکھیں، ویب سائٹ کی رسائی کا بیان)۔

NYCPS نے اپنے عملے اور وینڈرز کے لیے قابل رسائی ویب سائٹس کی تخلیق اور اسے چلانے سے متعلق رہنما اصول تیار کیے ہیں۔ NYCPS اپنی مرکزی ویب سائٹس schools.nyc.gov اور infohub.nyced.org کی ڈیجیٹل رسائی کو مزید بہتر بنانے کے مراحل سے گزر رہا ہے۔ یہ ویب سائٹس Web Content Accessibility Guidelines (WCAG) 2.1 AA کے معیار سے نمایاں طور پر مطابقت رکھتی ہیں اور نیو یارک شہر پبلک اسکولز اس معیار یا اس میں آنے والی کسی بھی تبدیلی کے مطابق اپنی مطابقت کا مسلسل جائزہ لیتا رہے گا۔

اپنے عملے کو ڈیجیٹل مطابقت کی کوششوں میں ان کے کردار سے آگاہ کرنے کے لیے، نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) عملے کو ویب سائٹ کی رسائی سے متعلق تربیت فراہم کرتا ہے۔ NYCPS عملے کے لیے درخواست کرنے پر (on-demand) ڈیجیٹل رسائی کے کورسز پیش کرتا ہے، جن میں تین قسم کی اسناد شامل ہیں: تمام عملے کے لیے ڈیجیٹل رسائی کے بنیادی اصول، ویب ماسٹرز اور ایپلیکیشن ڈویلپرز کے لیے ڈیجیٹل رسائی، اور ویڈیو بنانے والوں کے لیے ڈیجیٹل رسائی۔ NYCPS کی ویب سائٹس پر منظور شدہ مواد تخلیق کار بننے کے لیے سندیافتہ ہونا ضروری ہے۔

مواد فراہم کرنے والوں کی مزید معاونت کے لیے، NYCPS نے Adobe Creative Suite کا انٹرپرائز لائسنس حاصل کیا ہے جو تمام عملے کو Adobe Acrobat Pro تک رسائی فراہم کرتا ہے، جس سے قابل رسائی PDF اور پُر کیے جانے والا فارم بنانے کی سہولت ممکن ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ، دفترِ ابلاغ ایک داخلی وسیلے کے طور پر خدمات انجام دیتا ہے، جو NYCPS کی ویب سائٹس پر شائع کیے جانے والے ڈیجیٹل مواد کے لیے اضافی معاونت اور رائے فراہم کرتا ہے تاکہ رسائی کے معیار کی تکمیل یقینی بنائی جا سکے۔

اگلے پانچ سال کے دوران، NYCPS مختلف شعبوں پر مشتمل ورکنگ گروپ اجلاسوں کی قیادت کرے گا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ادارے کی تمام عوامی رسائی والی ویب سائٹس اور ابلاغی ذرائع ڈیجیٹل رسائی کے بدلتے معیار سے ہم آہنگ ہوں، اور ڈیجیٹل رسائی سے متعلق رہنمائی اور تربیتی مواد تازہ ترین اور تمام NYCPS عملے کے لیے دستیاب رہے۔

3) ترتیب وار رسائی

NYCPS کا ایک بنیادی مقصد رکاوٹوں کو کم سے کم کرنا اور ضروری وسائل فراہم کرنا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ تمام طلباء، بشمول معذوری کے حامل طلباء، کو ان کے تعلیمی پروگراموں تک رسائی حاصل ہو۔ تمام طلباء کی پروگرام تک رسائی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے، NYCPS نے مختلف پالیسیاں، سہولیات کی درخواست کے طریقے، اور مخصوص معاونتی ڈھانچے تیار کیے ہیں۔

NYCPS کی پالیسی اور 1973 کے بحالی ایکٹ کے جُز 504 کے مطابق، کوئی بھی معذوری کا حامل فرد، جو دیگر تمام حوالوں سے اہل ہو، صرف اپنی معذوری کی بنیاد پر NYCPS کے زیرِ اہتمام کسی بھی پروگرام یا سرگرمی میں شرکت سے محروم نہیں کیا جائے گا، نہ ہی اسے اس کے فوائد سے محروم کیا جائے گا اور نہ کسی امتیازی سلوک کا نشانہ بنایا جائے گا۔

چانسلر کے ضابطے A-710 (جز 504 کے تحت طلباء کے لیے پالیسی اور طریقہ کار) NYCPS کی اُن پالیسیوں اور طریقہ کار کا تعین کرتا ہے جن کا اطلاق ایسے طلباء پر ہوتا ہے جو جز 504 کے مطابق معذوری کے حامل اہل افراد ہیں اور جنہیں NYCPS کے پروگراموں یا سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے سہولیات درکار ہوتی ہیں۔ (ضمیمہ C، چانسلر کا ضابطہ A-710 ملاحظہ فرمائیں)

جز 504 کی سہولیات کے بارے میں مزید معلومات NYCPS ویب سائٹ. پر دستیاب ہیں۔

ا. قابل رسائی داخلہ پالیسی

نیو یارک شہر کے پانچ بروز میں مجموعی طور پر 32 اسکول اضلاع ہیں۔ 3K، پری کنڈرگارٹن، کنڈرگارٹن، اور مڈل اسکول میں داخلے کے لیے بچے کو اس ضلع کے اسکولوں میں ترجیح دی جا سکتی ہے جہاں وہ رہائش پزیر ہیں، جس میں ان کا مخصوص زون اسکول بھی شامل ہوتا ہے۔ زون اسکول ان درخواست دہندگان کو ترجیح دیتے ہیں جو اس اسکول کے مخصوص علاقے میں رہتے ہیں، جسے اس کا زون کہا جاتا ہے۔ زیادہ تر ایلیمنٹری اور مڈل اسکول کے طلباء کے مخصوص زون اسکول ہوتے ہیں، اور کچھ ہائی اسکول کے طلباء کے بھی مخصوص زون اسکول ہوتے ہیں۔ طلباء اپنی آٹھویں جماعت کے سال میں ہائی اسکول کے لیے درخواست دیتے ہیں، اور نویں گریڈ کے طلباء (جو اپنا نویں گریڈ کو دہرا نہیں رہے) دسویں گریڈ کی نشست والے پروگراموں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ ہر برو میں خاندانی استقبالیہ مراکز موجود ہیں، جہاں عملے کے اراکین طلباء اور خاندانوں کو اندراج اور داخلے کے عمل میں مدد فراہم کرتے ہیں، جس میں درخواست دینے کے عمل میں رہنمائی بھی شامل ہے۔

تعلیمی سال 2018-2019 سے نافذالعمل اور چانسلر کے ضابطہ A-101 کے تحت، رسائی کی تصدیق شدہ ضرورت رکھنے والے طلباء کو ان اسکولوں میں داخلے کے لیے اولین ترجیح دی جاتی ہے جنہیں NYCPS نے ان کی رسائی کی ضروریات کے مطابق شناخت کیا ہو۔ داخلہ کے مقاصد کے لیے، رسائی کی ضرورت والا طالب علم وہ ہوتا ہے جو اسکول کے ماحول میں حرکت کے لیے کوئی موبیلٹی آلہ استعمال کرتا ہے—جیسے کہ وہیل چیئر، واکر، کرچز، یا چھڑی—یا کوئی بھی ایسا طالب علم جو اسکول کے ماحول میں چلنے پھرنے میں مشکلات کا سامنا کرتا ہو، خواہ وہ عضلاتی کمزوری، برداشت کی کمی، یا کسی اور وجہ سے ہو۔ قابلِ رسائی اسکولوں اور پروگراموں میں داخلے کے لیے:

- 3K، پری کنڈرگارٹن، اور کنڈرگارٹن: رسائی کی ضرورت رکھنے والے طلباء کو ان کے داخلہ ترجیحی گروپ میں ترجیح دی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر، رسائی کی ضرورت رکھنے والے طالب علم کو اس کے مخصوص زون اسکول میں دیگر تمام زون طلباء سے پہلے داخلے کی پیش کش کی جائے گی۔
- مڈل اور ہائی اسکول: رسائی کی ضرورت رکھنے والے طلباء کو اس اسکول میں داخلے کے لیے تمام دیگر درخواست دہندگان پر ترجیح دی جاتی ہے۔ اگر اسکول یا پروگرام اسکرین شدہ ہو تو رسائی کی ضرورت رکھنے والے طالب علم کو اسکریننگ کے معیار پر بھی پورا اترنا ہوگا۔

خاندانوں کی معاونت کے لیے، NYCPS داخلے کے ہر مرحلے کے لیے اسکولز کی رسائی کی معلومات ڈائریکٹریز میں فراہم کرتا ہے، نیز آن لائن اسکول فائنڈر اور درخواست نظام MySchools میں بھی یہ معلومات دستیاب ہیں۔ NYCPS ان خاندانوں سے بھی رابطہ کرتا ہے جن کے طالب علم کو رسائی کی ضرورت ہو سکتی ہے تاکہ انہیں ایسے پروگرام اپنی درخواست میں شامل کرنے کا موقع دیا جا سکے جو ان کی مخصوص رسائی ضروریات سے ہم آہنگ ہوں۔ اس کا مقصد طالب علم کی ترجیحات کو زیادہ سے زیادہ پورا کرنا ہوتا ہے۔

داخلے کا فارم پُر کرتے وقت، خاندانوں سے پوچھا جاتا ہے کہ آیا اُن کے بچے کو کسی تصدیق شدہ معذوری کے باعث کھڑے ہونے، چلنے یا سیڑھیاں استعمال کرنے میں دشواری پیش آتی ہے، یا کیا اُسے قابلِ رسائی باتھ روم کی ضرورت ہے۔ OSE اور SEO باہمی تعاون سے طلباء کی رسائی کی ضروریات کی تصدیق کرتے ہیں، جو طالب علم کے انفرادی تعلیمی منصوبے (IEP)، 504 منصوبے، موجودہ اسکول، اور خاندان سے حاصل شدہ معلومات کی بنیاد پر کی جاتی ہے ، جہاں اطلاق ہو۔ تصدیق شدہ رسائی کی ضرورت رکھنے والے طلباء کو داخلے کے عمل کے "میچنگ" مرحلے میں الگ سے جانچا جاتا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ انہیں ابتدائی طور پر کسی قابلِ رسائی اسکول میں جگہ دی گئی ہے۔

II. مناسب سہولیات

داخلے میں ترجیح کے علاوہ، رسائی کی ضرورت رکھنے والے طلباء کو NYCPS کے مناسب سہولیات کی درخواست کے طریقہ کار کے ذریعے بھی معاونت فراہم کی جاتی ہے، جو طلباء یا اُن کے خاندانوں کو مختلف نوعیت کی ضروریات کے لیے سہولیات کی درخواست دینے کا اختیار دیتا ہے۔ پروگرام تک رسائی کے لیے مناسب سہولیات جز 504 یا دفتر برائے رسائی منصوبہ بندی (OAP) کے ذریعے فراہم کی جا سکتی ہیں۔

اسکول کی سطح پر تعینات جُز 504 رابطہ کار، اسکول کا دفترِ صحت (Office of School Health) کے اشتراک سے اُن طلباء کی معاونت کرتے ہیں جنہیں طبی ضروریات کے پیشِ نظر مخصوص سہولیات درکار ہوتی ہیں، تاکہ وہ تعلیمی پروگراموں اور سرگرمیوں میں اپنے ہم جماعتوں کے برابر شرکت کر سکیں۔

OAP سہولیات کی درخواستیں وصول کرتا ہے اور ان کا جواب دیتا ہے، جن میں اسکول کی عمارت کی ساخت میں تبدیلی شامل ہو سکتی ہے (مثلاً عارضی ریمپ کی تنصیب)، یا پروگرام کے ضمن میں تبدیلی (جیسے کلاس روم یا پروگرام کو عمارت کی پہلی منزل پر منتقل کرنا، آلات کی خریداری، یا طالب علم کے لیے معاون فراہم کرنا)۔

اگر رسائی کی ضرورت رکھنے والے طالب علم کو ایسے اسکول میں داخلے کی پیشکش کی جائے جو ان ضروریات کو پورا نہیں کرتا، لیکن طالب علم کے والدین/سرپرست سمجھتے ہوں کہ مناسب سہولت کی فراہمی سے طالب علم اس اسکول میں داخل ہو سکتا ہے، تو والدین/سرپرست OAP کو مناسب سہولت کی درخواست دے سکتے ہیں۔

OAP کو جمع کروائی گئی درخواستوں کا جائزہ لیا جاتا ہے اور درخواست دہندگان کو درخواست کی حیثیت سے متعلق پندرہ دن کے اندر اطلاع دی جاتی ہے۔ اگر درخواست منظور ہو جائے، لیکن طالب علم کی سہولت کی فراہمی میں طویل وقت درکار ہو (مثلاً تعمیراتی کام یا آلات کی خریداری شامل ہو)، تو طالب علم کو ان کی رہائش کے قریب ایسے اسکول میں عارضی داخلے کا موقع دیا جائے گا جو ان کی رسائی کی ضروریات کو پورا کرتا ہو۔

اگر تعین کیا جائے کہ مطلوبہ سہولت متعلقہ اسکول میں فراہم نہیں کی جا سکتی، تو طلباء OSE کے ذریعے دوسرے اسکول میں میڈیکل تبادلے کی درخواست دے کر نئی پیشکش حاصل کر سکتے ہیں۔ تبادلے کا عمل چانسلر کے ضابطہ A-101 میں بیان کیا گیا ہے۔ (ضمیمہ D، چانسلر کا ضابطہ A-101 ملاحظہ فرمائیں)۔

توقع کی جاتی ہے کہ تعلیمی سال 2026-2025 کے دوران، OAP ویب پر مبنی ایک آسان اور مؤثر الیکٹرانک درخواست فارم متعارف کروائے گا، جو صارف کے تجربے کو بہتر بنانے کے ساتھ مناسب سہولیات کی درخواستوں کی نگرانی اور ابلاغ کے عمل کو بھی آسان بنائے گا۔

III. ضلع 75

ضلع 75 ایک شہرگیر ضلع ہے جو معذور طلباء جیسے آٹزم اسپیکٹرم عارضے (ASDs)، سنگین ذہنی معذوری، جذباتی معذوری، حسی نقائص، اور ایک سے زیادہ معذوریوں کے حامل طلباء کے لیے مختلف اقسام کی جگہوں اور ماحول میں خصوصی تعلیمی مدد فراہم کرتا ہے۔ ضلع 75 ہسپتال اور گھر پر تعلیم کے ذریعے بھی خدمات فراہم کرتا ہے۔ ضلع 75 کے پروگراموں میں داخل بہت سے طلباء کو رسائی کی ضروریات بھی ہوتی ہیں، اور NYCPS ان پروگراموں اور طلباء کے ساتھ قریبی اشتراک میں کام کرتا ہے تاکہ پروگرام تک رسائی کے لیے انہیں اہدافی معاونت اور وسائل فراہم کیے جا سکیں۔

4) موّثر ابلاغ

NYCPS معذوری کے حامل، بشمول سماعت، بینائی یا گویائی کی معذوری رکھنے والے افراد، کو مؤثر ابلاغ فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ NYCPS معذور افراد کی ابلاغی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مختلف قسم کی معاون ابلاغی سہولیات اور خدمات فراہم کرتا ہے، جن میں انگریزی اور امریکن سائن لینگویج (اشاروں کی زبان) کی ترجمانی، بریل (braille) اور بڑے حروف میں تحریری مواد کا استعمال، اور معاونتی ٹیکنالوجی (Assistive Technology - AT) شامل ہیں۔

NYCPS اُن طلباء کی عملی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لیے معاونتی ٹیکنالوجی (Assistive Technology - AT) فراہم کرتا ہے جن کو نصاب تک رسائی کے لیے مدد درکار ہو۔ مرکزی معاونتی ٹیکنالوجی ٹیم (Central Assistive Technology Team) طلباء کو ایسی AT فراہم کرتی ہے جو اساتذہ اور ہم جماعتوں سے رابطے، اسکول کا کام مکمل کرنے، اور اسکول کے پروگراموں و سرگرمیوں میں شرکت میں معاون ہوتی ہے۔ AT تشخیص اس بات کا تعین کرتی ہے کہ کون سے آلات اور وسائل طلباء کی بہتر معاونت کر سکتے ہیں۔ تشخیص کا عمل ٹیم کے تعاون سے انجام دیا جاتا ہے اور جہاں ممکن ہو، اس میں طالب علم اور اہلِ خانہ کو بھی شامل کیا جاتا ہے۔ معاونتی ٹیکنالوجی (AT) میں اسکرین ریڈرز، فریکوئنسی ماڈیولیشن (FM) سننے کے نظام، تقریر سے متن میں تبدیلی کا سافٹ ویئر، متن سے تقریر کا سافٹ ویئر، اضافی اور متبادل مواصلاتی وسائل، اور اسکرین کو بڑا کرنے والی ایپلیکیشنز جیسے آلات شامل ہوتے ہیں۔

اس کے علاوہ، OAP ایسی پالیسیاں، رہنما اصول، اور تربیتی پروگرام وضع کرتا ہے جو NYCPS عملے میں رسائی سے متعلق آگاہی بڑھاتے ہیں اور معذوری کو شامل کرنے والے مواصلات اور طریقوں کو فروغ دیتے ہیں۔

I. پالیسی اور رہنما اصولوں کی تشکیل

NYCPS پروگرامز، خدمات، اور سرگرمیوں کو قابلِ رسائی بنانے کے اپنے ہدف کے تحت، OAP وکلاء اور نمائندوں کے ساتھ قریبی تعاون کرتا ہے تاکہ ایسی معلومات، قواعد، اور رہنمائی تیار کی جا سکے جو NYCPS میں رسائی کو فروغ دے۔ OAP نے NYCPS کے دیگر دفاتر کے ساتھ مل کر درج ذیل پالیسی اقدامات بھی تیار کیے ہیں:

- رسائی کے ہنگامی منصوبے کے رہنما اصول اسکول کے قائدین کو پہلے سے طے شدہ عملی منصوبہ فراہم کرتے ہیں تاکہ معذوری کے حامل طلباء کو تعلیمی پروگرام تک کم سے کم خلل کے ساتھ رسائی حاصل رہے، خاص طور پر کسی کثیر المنزلہ اسکول کی عمارت میں لفٹ یا ایسکلیٹر جیسے عمودی نقل و حمل کے نظام میں عارضی خرابی پیش آ جانے کی صورت میں۔
- رسائی کے داخلی دروازوں کے رہنما اصول دفتر برائے حفاظت اور روک تھام شراکت داری (Office of Safety and Prevention Partnerships) کے تعاون سے تیار کیے گئے ہیں، جو معذور افراد کے لیے NYCPS کی عمارتوں تک رسائی کو یقینی بنانے کے بہترین طریقے اور مناسب ضوابط فراہم کرتے ہیں۔
- رسائی سے متعلق اجلاسوں کے لیے رہنما اصول تیار کیے گئے ہیں تاکہ عوامی اجلاسوں کے اعلان میں رسائی کی خصوصیات کے بارے میں مکمل معلومات اور مناسب سہولیات کی درخواست کے طریقہ کار کو شامل کیا جا سکے۔

II. تربیت

رسائی کی ضروریات رکھنے والے طلباء کوخدمات فراہم کرنے والے اسکولوں کی تعداد میں اضافے کی حمایت کے لیے، OAP ضلعی اور مرکزی دفتر کے عملے کو تربیتی کورسز فراہم کرتا ہے۔ اسکول کی سطح پر استعداد بڑھانے کے لیے شرکاء کو تربیتی مواد فراہم کیا جاتا ہے۔ OAP کے تربیتی کورسز کا مقصد معذوری اور رسائی سے متعلق آگاہی بڑھانا اور معذوری کے حامل افراد کی شمولیت کو فروغ دینا ہے۔

2015 سے اب تک 13,000 سے زائد NYCPS ملازمین نے تربیت میں حصہ لیا ہے، جن میں منتظم، پرنسپلز، والدین رابطہ کار، خصوصی تعلیم کے رابطہ کار، متعلقہ خدمات فراہم کرنے والے، سہولیات سے وابستہ عملہ، اور برو معاونت دفاتر میں آپریشنز کے ڈائریکٹرز شامل ہیں۔ تعلیمی سال 2020-2021 سے، OAP نیو یارک شہر کے پبلک اسکولز میں اپنی رسائی کو بڑھانے کے لیے جاری بالمشافہ تربیت کے علاوہ ورچوئل تربیت بھی فراہم کر رہا ہے۔

اگلے پانچ برس کے دوران، OAP اضلاع اور مرکزی دفتر کے عملے کو رسائی سے متعلق امور اور معذوری کے حامل افراد کی معاونت کے لیے NYCPS کی جانب سے فراہم کی جانے والی خدمات کے بارے میں تربیت فراہم کرنے اور اس میں مزید بہتری لانے کا سلسلہ جاری رکھے گا۔

5) ملازمت کی جگہ میں شمولیت

معذوری کے حامل تمام اہل افراد کو مساوی روزگار کے مواقع فراہم کرنا NYCPS کی پالیسی کا حصہ ہے۔ کوئی بھی موجودہ یا ممکنہ ملازم (درخواست دہندہ) جو معذوری کا حامل اہل فرد ہو، اپنی موجودہ ذمہ داری کے بنیادی فرائض کی انجام دہی میں مدد یا درخواست کے عمل میں آسانی کے لیے مناسب سہولیات کی درخواست کر سکتا ہے۔

ملازمین کے لیے مناسب سہولیات کا طریقہ کار دفتر برائے انسانی وسائل (DHR) کے تحت دفتر برائے معذوری سہولیات (ODA) کی نگرانی میں کام کرتا ہے۔

(NYCPS) کی وہ تمام عمارتیں جن میں اسکول نہیں ہے، اس وقت تمام موجودہ یا ممکنہ ملازمین کے لیے قابلِ رسائی ہیں۔ ODA اور DHR مل کر OAP اور ان کے شراکت داروں کے ساتھ تعاون کرتے ہیں تاکہ NYCPS کے ملازمین ایک محفوظ اور شمولیتی ماحول میں کام کریں جہاں رسائی کی مناسب سہولیات میسر ہوں۔ اسکول کی سطح کے وہ ملازمین جن کو اسکول کی عمارتوں تک مکمل رسائی میسر نہیں ہے، انہیں بات چیت کے عمل میں شامل کیا جاتا ہے تاکہ مناسب سہولیات کا تعین اور فیصلہ کیا جا سکے۔

NYCPS اپنے ملازمین کی بھرپور حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ مناسب سہولیات کی درخواست پر بات چیت شروع کرنے کے لیے پہلے اپنے نگران سے رابطہ کریں تاکہ معاونتی گفتگو کو فروغ دیا جا سکے۔ اگر ملازم اس فیصلے سے متفق نہ ہو، یا درخواست نگران کے ذریعے پوری نہ کی جا سکے، تو وہ محکمہ تعلیم کے خود سروس آن لائن چھٹی درخواست نظام (SOLAS) میں درخواست جمع کروا سکتا ہے۔ SOLAS میں جمع کروائی گئی درخواستوں کا جائزہ NYCPS کے HR Connect دفتر برائے طبی امور، چھٹیوں اور ریکارڈز اور ODA لے گا۔

کوئی بھی ممکنہ ملازم جو معذوری کا حامل اہل فرد ہو، اپنی انٹرویو ٹیم یا ODA سے رابطہ کر کے غیر معذور درخواست دہندگان کی طرح مساوی بنیادوں پر درخواست کے عمل میں حصہ لینے کے لیے مناسب سہولت کی درخواست کر سکتا ہے۔

طریقہ کار کا نظام

یہ رپورٹ مختلف ذرائع اور متعلقہ فریقین کی آراء اور تعاون کا نتیجہ ہے۔ اس عمل کے دوران، موضوع کے ماہرین کے طور پر توقعات اور تقاضوں کے حوالے سے MOPD سے مسلسل مشورہ لیا جاتا رہا۔

داخلی طور پر، OAP نے NYCPS کے ساتھ رابطے میں رہنے والے معذوری کے حامل افراد کی معاونت کے لیے ایجنسی میں نافذ کردہ پالیسیوں اور طریقوں کے بارے میں بامعنی معلومات اکٹھی کرنے کے لیے مختلف محکموں کے دفاتر کے ساتھ تعاون کیا۔ یہ عمل تعمیری بات چیت پر مشتمل تھا جس نے ان شعبوں کی نشاندہی کے مواقع فراہم کیے جو اس منصوبے اور آئندہ ترامیم میں شامل کیے جانے چاہئیں۔

ایک پانچ سالہ مجوزہ رسائی منصوبہ 28 دسمبر 2023 کو عوامی تبصروں کے لیے NYCPS کی ویب سائٹ پر شائع کیا گیا۔ اس کے علاوہ، MOPD نے مجوزہ منصوبہ اور تبصرے کے مواقع کا نوٹس نیو یارک شہر ایجنسی رسائی منصوبوں کی ویب سائٹ پر شائع کیا اور اس سائٹ کی تشہیر اپنی ای میل فہرست، سوشل میڈیا چینلز، اور جنوری کے آغاز میں ہونے والے سہ ماہی کمیونٹی اجلاس میں کی۔ عوامی تبصرے جمع کروانے کی مقررہ مدت کے دوران جو 16 فروری 2024 کو ختم ہوئی، کئی تبصرے موصول ہوئے اور ان کا جائزہ لیا گیا۔.

ضمیمہ A

چانسلر کا ضابطہ A-830:

خلاصہ

یہ ضابطہ NYCPS کی امتیاز کے خلاف پالیسی کو بیان کرتا ہے۔ یہ ضابطہ محکمہ تعلیم کے ملازمین، ملازمت کے امیدواروں، طلباء کے والدین، طلباء، اور ان تمام افراد کے لیے داخلی جائزے کا طریقہ کار متعین کرتا ہے جو محکمہ تعلیم کے ساتھ کاروبار کرتے ہیں، اس کے ملازمین یا طلباء کے ساتھ کام کرتے ہیں، اس کی سہولیات استعمال کرتے ہیں یا کسی بھی حوالے سے محکمہ تعلیم سے رابطے میں ہوتے ہیں۔ یہ طریقہ کار اُن افراد کو شکایت درج کرانے کی سہولت دیتا ہے جو محکمہ تعلیم کے ملازمین یا ایسے افراد کے خلاف—جو اگرچہ محکمہ تعلیم کے ملازم نہیں مگر اس کے ملازمین یا طلباء کے ساتھ کام کرتے ہیں—محفوظ حیثیت کی بنیاد پر (بشمول جنسی ہراسانی) کسی غیر قانونی امتیاز، ایذا رسانی یا اس قسم کی شکایات کے نتیجے میں ہونے والی انتقامی کارروائی کے خلاف شکایت درج کروانا چاہتے ہوں۔

چانسلر کے ضابطہ A-830 کی مکمل تفصیلات کو NYCPS ویب سائٹ پر دیکھا جا سکتا ہے۔

ضمیمہ B

ویب سائٹ رسائی کا بیان

NYCPS اس بات کے لیے پُرعزم ہے کہ اس کا ڈیجیٹل مواد معذوری کے حامل افراد کے لیے قابل رسائی اور قابلِ استعمال ہو۔ ہم تمام صارفین کے لیے استعمال کا تجربہ مسلسل بہتر بنا رہے ہیں اور رسائی کے متعلقہ معیار کا نفاذ کر رہے ہیں۔

مطابقت کی حیثیت

WCAG ڈیزائنرز اور ڈویلپرز کے لیے وہ تقاضے متعین کرتا ہے جن کا مقصد معذوری کے حامل افراد کے لیے رسائی کو بہتر بنانا ہوتا ہے۔ یہ تعمیل کے تین درجے متعین کرتا ہے: سطح A، سطح AA، اور سطح AAA ہمارا ڈیجیٹل مواد بنیادی طور پر WCAG 2.1 کی سطح AA کے مطابق ہے۔

آراء

ہم اپنے ڈیجیٹل مواد تک رسائی کے حوالے سے آپ کی رائے کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ اگر آپ کو کسی قسم کی رسائی سے متعلق مسائل کا سامنا ہو تو براہ کرم ویب سائٹ کی رسائی کا فیڈبیک فارم کے ذریعے ہمیں اطلاع دیں۔

اگر آپ کو کسی خاص پروگرام یا خدمت تک رسائی میں مدد کی ضرورت ہو تو براہ کرم **DigitalAccessibility@schools.nyc.gov** پر ای میل کریں۔

تشخیص کا طریقۂ کار

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) اپنے ڈیجیٹل مواد کی رسائی کا جائزہ خود تشخیصی عمل کے ذریعے لیتا ہے۔

ویب سائٹ کی رسائی سے متعلق NYCPS کا بیان NYCPS ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

ضمیمہ C

چانسلر کا ضابطہ A-710:

خلاصہ

یہ ضابطہ نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کی اُن پالیسیوں اور طریقہ کار کو متعین کرتا ہے جن کا اطلاق ایسے طلباء پر ہوتا ہے جو 1973 کے بحالی (Rehabilitation) ایکٹ کے جُز 504 (29 U.S.C. § 794، 34 C.F.R. § 104) کے تحت معذوری کے حامل افراد کے طور پر اہل قرار دیئے جاتے ہیں اور جنہیں NYCPS کے پروگراموں اور سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے مناسب سہولیات کی ضرورت ہوتی ہے۔

چانسلر کے ضابطہ A-710 کی مکمل تفصیلات کو NYCPS ویب سائٹ. پر دیکھا جا سکتا ہے۔

ضمیمہ D

چانسلر کا ضابطہ A-101:

خلاصہ

یہ ضابطہ نیو یارک شہر کے اسکول ضلع میں داخلے، اخراج، اور طلباء کے تبادلے سے متعلق پالیسیوں کی وضاحت کرتا ہے، جن کا اطلاق انتظامی اضلاع 1 تا 32 اور ضلع 75 کے خصوصی اسکولوں اور پروگراموں پر ہوتا ہے۔

چانسلر کے ضابطہ A-101 کی مکمل تفصیلات کو NYCPS ویب سائٹ. پر دیکھا جا سکتا ہے۔